Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | جمعۃ المبارک 13 نومبر 2026ء، 02 جمادی الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ 233

قدرتی وسائل کو مشترکہ دولت اور خوشحالی میں بدلنا چاہتے ہیں، وزرائے اعلیٰ

سندھ میں مسابقتی کاروباری مواقع موجود ہیں، مراد علی شاہ، قرض پر سود حکومت ادا کرے گی، مریم نواز، سرمایہ کاروں کو 5 ارب تک فنانسنگ فراہمی کا اعلان

وفاقی اور صوبائی حکومتیں، سیکیورٹی فورسز سرمایہ کاروں کے تحفظ کی بھرپور صلاحیت و عزم رکھتی ہیں، سرفراز بگٹی، گلگت کا مسئلہ رابطہ کاری ہے، امجد حسین

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پنجاب، سندھ، اور بلوچستان، گلگت بلتستان کے وزرائے اعلیٰ نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں شرکت کی اور سرمایہ کاری پر بھرپور اظہار خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے معدنی اور غیر معدنی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سیکیورٹی اور کاروبار کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ اور سہولت کاری کیلئے پرعزم ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ سیکیورٹی فورسز بھی سرمایہ کاروں کے تحفظ کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



اٹلانیہ: وزیراعظم شہباز شریف سے رجب طیب اردوان ملاقات کر رہے ہیں

سومیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے عالمی تجربے کو عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا

شہباز شریف

مشکلات سے دو چار معیشتوں کیلئے سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری سمیت گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی لچک و موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے

پاکستان ماحول دوست عملی اقدامات کے ذریعے مثال قائم کر رہا ہے، پانی کو کبھی بھی بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے اور آبی معاہدوں پر ان کی حقیقی روح کے مطابق عملدرآمد ناگزیر ہے، شہباز شریف کا خطاب

اٹلانیہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے مؤثر اور منصفانہ اقدامات کے ساتھ ساتھ عالمی تجربے کو عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا، مشکلات سے دو چار معیشتوں کے لیے سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری سمیت گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی لچک و موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ماحول دوست عملی اقدامات کے ذریعے مثال قائم کر رہا ہے، پانی کو کبھی بھی بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے اور آبی معاہدوں پر ان کی حقیقی روح کے مطابق عملدرآمد ناگزیر ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

صوابی پولیس پر فائرنگ، 2 اہلکار شہید، بارہ میں دہشتگرد کمانڈر ہلاک

ڈی آئی خان میں تھانے پر حملہ

فائرنگ کا واقعہ صوابی میں پولیس چوکی منصوری کے قریب پیش آیا، لاشیں اور زخمی ہسپتال منتقل، آپریشن شروع کر دیا گیا

شیخان بل میں دہشتگرد کمانڈر کی موجودگی کی کارروائی، کمانڈر سیف اللہ مارا گیا، DI خان میں تھانے کی دیوار کو نقصان

صوابی، نمبر ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز ایجنسیاں) صوابی میں نامعلوم افراد نے پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہو گیا۔ ڈی پی او قاسم رفیق کے مطابق فائرنگ کا واقعہ صوابی میں پولیس چوکی منصوری کے قریب پیش آیا جہاں پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)


صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کو پاکستان لیدرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

پاکستان جو حالات میں سعودی عرب کے دفاع کے لئے تیار ہے، ترجمان پاک فوج

حرمین شریفین کی سلامتی پاکستان کی اولین ترجیح، سعودی عرب کو دفاعی مقاصد کیلئے فوجی اہلکار، عسکری صلاحیتیں، تربیت، لاجسٹک معاونت فراہم کریں گے

26 اکتوبر کو فیلڈ مارشل کی تہران ملاقات میں شرکت پاکستان کی تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کا اظہار ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف کا انٹرویو

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے تحت اجتماعی دفاع وعدوں پر عمل عملدرآمد کا مرحلہ شروع ہو رہا ہے، پاکستان موجودہ حالات میں سعودی عرب کے دفاع کیلئے تیار ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے عرب اخبار الشرق الاوسط کو انٹرویو میں کہا ہے کہ سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی پاکستان کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان موجودہ حالات میں سعودی عرب کے دفاع کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کو تیار ہے، سعودی عرب کو دفاعی مقاصد کے لیے فوجی اہلکار، عسکری صلاحیتیں، تربیت اور لاجسٹک معاونت فراہم کریں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستانی فوج پہلے ہی سعودی عرب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لاہور اور ملتان شدید فضائی آلودگی کی لپیٹ میں، شہری سموگ سے پریشان

لاہور (خصوصی رپورٹ) پنجاب کے بڑے شہر لاہور اور ملتان شدید سموگ اور فضائی آلودگی کی لپیٹ میں ہیں۔ سوہاوہ، دارالحکومت میں فضائی آلودگی کی اوسط شرح 344 سے تجاوز کر گئی، جس کے باعث لاہور شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا، ایئر الگون سوسائٹی میں ایئر کوالٹی انڈیکس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)


اسلام آباد، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی 56 ویں نیوی اسٹاف کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستانی چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل، پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے

مشن پاکستان اور چین کی کمل ڈرسل قائم دوستی کو مزید مضبوط بنائے گا، چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستانی خلا باز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والے پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے۔ ترجمان چینی سفارتخانہ کے مطابق چینی وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ پاکستانی خلا باز کی چین کے خلائی جہاز میں شمولیت ہوگی، یہ چین کے انسانی خلائی پروگرام کی تاریخ میں چینی اور غیر ملکی خلا بازوں کا پہلا مشترکہ خلائی مشن ہوگا۔ یہ تاریخی مشن پاکستان اور چین کی کمل ڈرسل قائم دوستی کو مزید مضبوط بنائے گا، نوجوان کمل کے لیے نئی تحریک اور سائنسی میدان میں آگے بڑھنے کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ دونوں ممالک کے درمیان سائنسی تعاون اور خلائی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کے نئے دروازے کھلیں گے۔ چینی سفارت خانے نے دونوں پاکستانی خلا بازوں کی تصاویر بھی جاری کر دیں۔

عمران خان کی دو بہنیں نورین نیازی، عظمیٰ خان کو ٹ لکھپت جیل سے رہا

علیمہ خان تاحال جیل میں ہیں، رہائی کے احکامات موصول نہیں ہوئے

لاہور (خصوصی رپورٹ) پی ٹی آئی عمران خان کی دو بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو کوٹ لکھپت جیل سے رہا کر دیا گیا، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو رہائی کے آرڈر جیل حکام کو موصول ہونے کے بعد رہا کیا گیا، دونوں بہنیں 3 ایم پی او کے تحت کوٹ لکھپت جیل میں بند تھیں، جیل حکام کے مطابق عمران خان کی تیسری بہن علیمہ خان کو تاحال جیل سے رہا نہیں کیا گیا، ان کی رہائی کے احکامات جیل حکام کو موصول نہیں ہوئے، تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے لانگ مارچ اور احتجاج کے قبل نظر عمران خان کی بہنوں بہنوں علیمہ خان، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو 3 ایم پی او قانون کے تحت 30 روز کے لیے نظر بند کرنے کا حکم دیا گیا تھا، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی رہائی تقریباً 50 روز کی نظر بندی کے بعد 12 نومبر 2026ء کو عمل میں آئی، جیل سے رہائی کے بعد دونوں بہنوں کو نورین نیازی کی بیٹی بابرہ نیازی کے سپرد کیا گیا، عمران خان کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

انسانی سمگلنگ میں ملوث 1 ہزار 500 ملزمان گرفتار

ایف آئی اے کی تین سالہ رپورٹ، 4 ہزار 350 ملزمان کو سزائیں ہوئیں

لاہور (خصوصی رپورٹ) ایف آئی اے نے انسداد انسانی سمگلنگ کی 3 سالہ رپورٹ وزیر داخلہ محسن نقوی کو جمع کراتے ہوئے بتایا ہے کہ 2024ء سے 2026ء تک انسانی سمگلنگ کے 20 ہزار 377 مقدمات درج ہوئے 10 ہزار 500 ملزمان گرفتار کیے۔ جاری کردہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 3 سالوں میں انسانی سمگلنگ کے بڑے نیٹ ورکس کے خلاف موثر کارروائیاں ہوئیں، 2024ء سے 2026ء تک انسانی سمگلنگ کے 20 ہزار 377 مقدمات درج ہوئے، ایف آئی اے نے 3 سال میں انسانی سمگلنگ میں ملوث 10 ہزار 500 ملزمان گرفتار کیے ہیں، انسداد انسانی اسمگلنگ کے 12 ہزار 73 مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع کروائے گئے ہیں، ایف آئی اے کی کارروائیوں کے نتیجے میں 4 ہزار 350 ملزمان (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)


سری نگر، کشمیری پھل فروش تازہ میوب پیٹیوں میں پیک کر رہے ہیں

غیر ملکی ایئر لائنز کا پاکستان سے 2.4 ارب ڈالر سالانہ بیرون ملک منتقل کرنے کا انکشاف

آپریٹرز ایسوسی ایشن کا تمام ایئر لائنز کا 5 سالہ فرانزک آڈٹ کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد/لاہور (خصوصی رپورٹ) غیر ملکی ایئر لائنز کی جانب سے ٹکٹوں کی فروخت کے ذریعے پاکستان سے سالانہ 2.4 ارب ڈالر بیرون ملک منتقل کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ فضائی ٹکٹوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی اربوں ڈالر کی آمدن پاکستانی مالیاتی نظام سے باہر رہنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے، جس پر ایئر کرافٹ اونرز اینڈ آپریٹرز ایسوسی ایشن نے پاکستان میں آپریٹ کرنے والی تمام ایئر لائنز کا 5 سالہ فرانزک آڈٹ کرانے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ باقی ایئر کرافٹ اونرز اینڈ آپریٹرز ایسوسی ایشن عمران اسلم خان نے وفاقی وزیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

تربیلا اور منگلا بائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہو گئے

لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا

تربیلا (خصوصی رپورٹ) تربیلا اور منگلا بائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہو گئے۔ تکنیکی خرابی کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں شارٹ فال 800 میگاواٹ تک جا پہنچا، لاہور میں شام کے بعد 4 گھنٹے تک غیر اعلانی لوڈ شیڈنگ کی جاری ہے۔ غیر اعلانی لوڈ شیڈنگ سے شہری پریشان ہیں، جبکہ وزارت توانائی نے تمام کمپنیوں کو لوڈ شیڈنگ شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

مریم نواز کی مہم خدمت کی وجہ سے ن لیگ ووٹر کی پہلی ترجیح بن چکی، عظمیٰ بخاری

ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے دونوں امیدواروں نے بڑی لیڈ سے الیکشن جیتا، راشد بشیر، اسد حنیف کو مبارکباد

تحریک انصاف نے کالعدم جماعتوں کے ساتھ مل کر مسلم لیگ ن کے مقابلے میں الیکشن لڑا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ضمنی الیکشن میں کامیابی پر راشد بشیر و رک اور اسد حنیف جٹ کو مبارکباد دی۔ لاہور سے جاری بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کی خدمت کی وجہ سے مسلم لیگ ن ووٹر کی پہلی ترجیح جماعت بن چکی، ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے دونوں امیدواروں نے بڑی لیڈ سے الیکشن جیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا دونوں مقامات پر نامعلوم جماعتوں سے مقابلہ تھا، تحریک انصاف نے ان کالعدم جماعتوں کے ساتھ مل کر مسلم لیگ ن کے مقابلے میں الیکشن لڑا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جن جماعتوں کو الیکشن کمیشن کالعدم جماعتوں کی فہرست میں ڈالنے میں ریاست نے کالعدم جماعتیں ڈکلیئر کیا وہ نام بدل کے کھلے عام سیاسی سرگرمیاں کر رہی ہیں، کالعدم جماعتوں کا نام بدل کر سیاست کرنا ریاست کے لیے بہت بڑا امتحان ہے۔ سوہاوی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کو ان کالعدم جماعتوں کی سیاسی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)


الجزاری اکیڈمی اجلاس کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

کوہاٹ میں شہید 10 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نے نماز جنازہ میں شرکت کی

شہدا میں خیبر پختونخوا پولیس کے ڈی ایس پی اور اے ایس آئی بھی شامل

کوہاٹ (نمائندہ خصوصی رپورٹ) کوہاٹ میں شہید 10 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا، گورنر کے پی نے کہا کہ شہدا کے لواحقین کے ساتھ ہیں، قصہ الخوارج اور جرائم پیشہ افراد نے پولیس پر چھپ کر حملہ کیا تھا، شہدا میں خیبر پختونخوا پولیس کے ڈی ایس پی اور اے ایس آئی بھی شامل ہیں، تمام شہدا کا تعلق ضلع کوہاٹ سے تھا۔ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خلاف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

دھمیال پولیس نے 17 سالہ لڑکے سے زیادتی کے الزام میں دو ملزمان 24 گھنٹوں میں گرفتار کر لیے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 17 سالہ لڑکے سے زیادتی کے الزام میں دو ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق ملزمان نے اس کے بھائی کو زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل بھی مکمل کروایا گیا ہے۔ ایس پی صدر کا کہنا ہے کہ زیر عدالت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

چھوٹے صوبوں پر بجٹ سے پہلے اہم پیشرفت متوقع ہے، مصطفیٰ کمال

ملک چلانے والوں کو بھی احساس ہو رہا ہے مزید انتظامی یونٹس، چھوٹے صوبے بنائے بغیر پاکستان کو موجودہ نظام کے تحت چلانا مشکل ہے

موجودہ نظام لوگوں میں ریاست سے دوری پیدا کر رہا ہے، بعض افراد اسی ریاست کیخلاف ہتھیار اٹھانے پر آمادہ ہو جاتے ہیں، وفاقی وزیر

لاہور (انٹیگل رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک موجودہ انتظامی نظام کے تحت نہیں چل سکتا، ملک میں نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق فیصلہ اگلے بجٹ سے پہلے ہو سکتا ہے، پاکستان کے بڑے صوبے اور وہاں کی بڑی سیاسی جماعت کی جانب سے اب اس معاملے پر پہلے بھی مخالفت دکھائی نہیں دے رہی بلکہ چھوٹے صوبوں کی حمایت میں پنجاب سے بھی اہم آوازیں سامنے آ رہی ہیں۔ پنجاب کی جانب سے اس معاملے پر بات ہونا ایک بڑی اور غیر معمولی تبدیلی ہے، وفاقی کابینہ میں چھوٹے صوبوں کی تشکیل اور ممکنہ طور پر 12 صوبے بنانے کے معاملے پر جامع مشاورت کی جائے گی، ایک ملک چلانے والوں کو بھی احساس ہو رہا ہے کہ مزید انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبے بنائے بغیر پاکستان کو موجودہ نظام کے تحت چلانا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)


وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

شادی کا جھانسہ دے کر جواں سال لڑکی کو 8 ماہ تک جنسی زیادتی بنانے کا انکشاف

لاہور (خصوصی رپورٹر) شادی کا جھانسہ دے کر جواں سال لڑکی کو جنسی زیادتی اور تشدد کا نشانہ بنانے کا انکشاف ہوا ہے، پولیس نے درخواست ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ کوٹ لکھپت پولیس نے واقعے میں ملوث ملزم شہریار کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق ملزم لڑکی کو شادی کا جھانسہ دے کر 8 ماہ تک زیادتی کا نشانہ بناتا رہا، متاثرہ لڑکی نے شادی کھلنے پر اسرار کیا تو ملزم نے تشدد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایک نیا میثاق پاکستان وقت کی اشد ضرورت، خواجہ سعد رفیق

سب کو اپنی آئینی حدود میں رہنا، ایک دوسرے کے حقوق کو تسلیم کرنا ہوگا

چھوٹے صوبوں کی تشکیل، بغیر پختونخوا میں گورنر راج سے ہو سکتا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جیل میں وکلاء سے ہونے والی ملاقاتوں کا تعلق مجوزہ 28 ویں ترمیم، چھوٹے صوبوں کی تشکیل اور بغیر پختونخوا میں گورنر راج سے ہو سکتا ہے، چھوٹے صوبوں کی تشکیل کچھتے تمام نمائندہ سیاسی جماعتوں کو بلا تفریق و پارلیمانی مجلس آزاد اور ماحول میں مل بیٹھ کر لائحہ عمل مرتب کرنے کی سہولت دی جائے پاکستان کو اگر واقعتاً آگے بڑھانا مقصود ہے تو سیاسی قوتوں، اسٹیبلشمنٹ اور عدلیہ کو بغیر کسی دباؤ آزادانہ ماحول میں مستقبل کے پاکستان کے خدوخال تشکیل دینا ہوں گے، ایک نیا میثاق پاکستان وقت کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ جیل میں عمران خان کی انکی متعینہ الہیہ اور انکے وکلاء کی ملاقاتیں اچھی بات ہیں، دہشت انکی قید تنہائی ختم ہونی چاہیے بلکہ اگر وہ چاہیں تو سیلک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کا آغاز، معدنی وسائل کی ترقی ملکی معاشی تبدیلی کا اہم حصہ ہے، اسحاق ڈار

دنیا کے خوبصورت ترین دارالحکومت میں شمار اسلام آباد عالمی سرمایہ کاروں کے استقبال کیلئے تیار، عالمی توجہ کا مرکز بن گیا

معدنی ترقی سے انجینئرنگ، آٹومیشن، خدمات، مصنوعات تیاری کے مواقع پیدا ہونگے، نائب وزیر اعظم کا فورم سے خطاب

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کا آغاز آج سے اسلام آباد کے جناح کنونشن سینٹر میں ہو رہا ہے، جس کے سبب قدرتی حسن سے مالا مال پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد عالمی توجہ کا مرکز بن گیا۔ دنیا کے خوبصورت ترین دارالحکومت میں شمار ہونے والا اسلام آباد عالمی سرمایہ کاروں کے استقبال کیلئے تیار ہے، حکومت پاکستان اور پاکستانی قوم کی جانب سے عالمی سرمایہ کاروں، معدنیات کے ماہرین اور تین الاقوامی شراکت داروں کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ فورم میں عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے وسیع معدنی ذخائر اور سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا جائے گا جبکہ معدنی وسائل کی تلاش، کان کنی، پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کے شعبوں میں عالمی شراکت داری کے امکانات اجاگر کئے جائیں گے۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کا مقصد معدنی وسائل کو معاشی ترقی اور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)


نگھٹہ، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب کارڈیک ریجری پروگرام ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کا مفت علاج فراہم

مارچ 2026 سے اب تک ہزاروں طبی پروسیجرز مکمل، 9 سرکاری اور 35 نجی سمیت 44 ہسپتال پروگرام میں شامل

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ پیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس، پروگرام کا تفصیلی جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کارڈیک سرجری پروگرام کے تحت مارچ 2026 سے اب تک امراض قلب میں مبتلا مریضوں کو ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کی رقم مفت علاج معالجہ کیلئے فراہم کی گئی ہے۔ سوہاوی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ پیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں وزیر اعلیٰ پنجاب خصوصی پروگرام برائے کارڈیک سرجری کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ چیئرمین وزیر اعلیٰ پنجاب ایڈوائزری کمیٹی برائے امراض قلب ڈاکٹر فرقد عالمگیر اور سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے اجلاس میں شرکت کی۔ سی ای او پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی ڈاکٹر علی رزاق و ڈائریکٹر منیب احمد بھٹی، سیکرٹری ڈویلپمنٹ احمد کمال مان اور ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر حتاشم نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)


پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ اور دیگر حکام کا گروپ فوٹو

سکیورٹی اداروں کا افسر اور صحافی بن کر شہریوں کو لوٹنے والا نوسرباز گرفتار

ملزم کی سوشل میڈیا پر وفاقی وزرا کے ساتھ تصاویر بھی سامنے آئیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) رنگ روڈ پولیس نے سکیورٹی اداروں کا جعلی افسر اور صحافی بن کر شہریوں کو لوٹنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی شناخت سفاعت کے نام سے ہوئی، جو خود کو آرمی، ایئر فورس اور پولیس کا افسر ظاہر کرتا تھا۔ ملزم پر جعلی شناخت استعمال کر کے شہریوں کو بلیک میل اور رقم بٹورنے کا بھی الزام ہے۔ ملزم موقع کی مناسبت سے خود کو گلگت بلتستان ڈی ویلپمنٹ اتھارٹی کا ملازم بھی ظاہر کرتا رہا، ملزم کے قبضے سے سکیورٹی فورسز کے یونیفارم آئی کارڈز اور موبائل فون برآمد ہوا جبکہ ملزم کی سوشل میڈیا پر وفاقی وزرا کے مختلف فورسز کی وردیوں میں تصاویر بھی سامنے آئیں۔ تھانہ رنگ روڈ میں ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 450/26 درج ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا تھا کہ سرکاری اداروں کے نام کو ڈھال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحافیوں کے مسائل و مطالبات سنجیدہ ہیں، شرجیل میمن

پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، صحافیوں کو اکیلا نہیں چھوڑے گی

کراچی (خصوصی رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ صحافیوں کے مسائل اور مطالبات سنجیدہ ہیں، پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، پیپلز پارٹی صحافیوں کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ کراچی پریس کلب کے باہر پی ایف یو جے کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے شرجیل میمن کا کہنا تھا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

CamScanner

EDITORIAL PAGE
اداریتی صفحہ

اسرائیل کی داخلی سیاست



راؤ منظر حیات

اسرائیل کی اندرونی سیاست حد درجہ پیچیدہ اور متحرک ہے۔ بادی النظر میں جو فریق طاقتور نظر آتے ہیں اور دنیا ان سے گھبراتی ہے، اس وقت کا اصل سر چشمہ وہ اتحادی ہیں جو ایک فکری نظریہ پر یکسو نظر آتے ہیں۔ یہ امر تو طے ہے کہ اسرائیل میں 2026ء کے پہلے مہینے میں کوئی بھی سیاسی جماعت اور اس کے حلیف عددی برتری حاصل نہیں کر سکے۔ بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ الیکشن نے پورے اسرائیل کو ایک ایسے سیاسی بحران کی طرف دھکیل دیا ہے، جس کا وقتی نتیجہ کافی مخدوش ہو سکتا ہے۔

اس ملک کی سیاست پر گہری نظر رکھنے والے لوگ ہمارے نظام میں کافی محدود دیکھتے ہیں۔ لے دے کر ہماری فکر امریکا، ہندوستان، چین اور مشرق وسطیٰ تک محدود ہے۔ طالب علم کی نظر میں اسرائیل دنیا کے طاقتور ترین ممالک میں آتا ہے۔ یہ واحد ریاست ہے جس سے امریکی صدر بھی کھل کر ڈرتا ہے۔ اور اس کی ہر بات پر لبیک کہنا اپنی ذمے داری سمجھتا ہے۔ ہمیں یہ شعور ہونا چاہیے کہ اسرائیل کا سیاسی نظام دنیا کے شفاف ترین سطح کا ہے۔ ٹیکنالوجی کے اعتبار سے وہ امریکا پر بھی حاوی ہے۔ مگر میرا آج کا پیمو موضوع نہیں ہے ہمارے اس ملک سے کوئی تعلقات نہیں ہیں، اس سے اسرائیل کے اندرونی معاملات پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سیاسی سطح پر اس ملک کا نظام متناسب نمائندگی پر مبنی ہے۔ یعنی جتنے فیصد لوگوں نے ووٹ دیے ہوں گے، اسی تناسب سے پارلیمنٹ میں مخصوص سیاسی جماعت کو نشستیں مل جائیں گی۔ اس اصول پر حد درجہ پختگی اور سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔ آپ کو یہ بات بھی ذہن نشین کرنی ہو گی کہ اسرائیل کے سیاسی ادارے اتنے توانا ہیں کہ حالیہ الیکشن کے مشکل ترین نتائج کے باوجود کسی ایک فریق نے بھی الیکشن کمیشن کی شفافیت پر کسی قسم کی نکتہ چینی نہیں کی۔ بنجمن یاہو جو ابھی تک وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہے، اس نے الیکشن کمیشن کے بارے میں معمولی سی بات کی تھی۔


اسرائیل کے حالیہ الیکشن میں سیاسی جماعتوں کی ترتیب اور ان کی اہمیت پر بہت کم بات ہوتی ہے۔ پہلی عرض تو یہ ہے کہ وہاں کوئی ایک سیاسی جماعت کامیاب یا ناکام نہیں ہوتی۔ ہر ایک کے ساتھ 'الحاق کیے ہوئے' چھوٹے یا بڑے سیاسی دھڑے ہیں، ان کی سیاسی سوچ بھی ایک جیسی نہیں ہے۔ سب سے پہلے بنجمن یاہو کی جماعت اور اتحادیوں کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ بنجمن یاہو دائیں بازو کی انتہا پسند جماعت لائیڈ ہے۔ جس کو Likud پارٹی کہا جاتا ہے۔ یہ مذہبی شدت پسند ادویہ رکھتے ہیں۔

لیکڈ پارٹی کا قائد بنجمن یاہو ہے جو یہودی لابی کا نمایندہ ہے۔ ہماری اکثریت یہودیت اور زاخوم کے فرق کو نہیں سمجھتی۔ صرف مثال کے لیے عرض کروں گا کہ زاخوم یہودیوں کے لیے بالکل اسی طرح کی فکر ہے جیسے طالبان۔ عام آدمی کا ان دونوں سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکڈ کے پاس صرف 26 نشستیں ہیں۔ مگر یہ نشستیں اس کے سیاسی حلیف کی جماعت Yashar سے پھر بھی زیادہ ہیں۔ یعنی ان کی تعداد سو رکھیں ہے۔ یعنی اگر نشستوں کے لحاظ سے دیکھا جائے تو بنجمن یاہو آج بھی اپنے مرکزی سیاسی حلیف پر بھاری ہے۔ مگر معاملہ اتنا سادہ نہیں ہے۔ یاہو کے اتحادیوں کا ذکر کرنا ضروری ہے۔

Shas ایک انتہا پسند یہودی جماعت ہے جس کا لیڈر Aryeh Deri ہے۔ شاز کے پاس 7 نشستیں ہیں۔ اب ذرا united Torah judaism کی طرف آیئے۔ اس کے پاس بھی سات نشستیں ہیں۔ ان کا قائد Yaakov asher ہے۔ اشر کے ذریعے یہ اسرائیل کے انتہا پسند یہودی ہے۔ اشر کے ذریعے مسلمانوں کے وجود کو دنیا سے ختم کر دینا چاہیے۔ غزہ کی بربادی میں اس جنونی شخص کا بہت بڑا حصہ تھا۔ Otzma Yehudit سنگل طور پر ایک نیشنلسٹ پارٹی ہے۔ یہ اسرائیل کو دنیا کا سب سے طاقتور ملک بنانے پر یقین رکھتے ہیں۔ اس کا قائد' موجودہ' بیکو ریٹی وزیر جو غزہ کے لیے قصاب ہے۔ Itamar Ben Gvir ہے۔ اتحادی آخری جماعت Religious Zionism ہے۔ جس کے پاس 6 نشستیں ہیں۔ اس کا لیڈر Bezalel smotrich ہے جو وزیر خزانہ بھی ہے۔ بنجمن یاہو اور اتحادیوں کے پاس کل 53 نشستیں ہیں۔ جو تعداد میں سب سے زیادہ ہیں۔ اس کا مطلب کیا ہوا۔ عملی تجزیہ کی بات عرض نہیں کر رہا۔ آج بھی بنجمن یاہو اپنے ملک کی سب سے طاقتور سیاسی حقیقت ہے۔

اب یہ تو علم نہیں کہ یہ خطوط کہاں سے آئے اور تصویر میں کس کی تھیں؟ لیکن ہمیں اتنا معلوم ہے آج بھی کچھ لوگ بڑی ضد اور مدد کے ساتھ تصویر کو غیر اسلامی قرار دینے پر تلے ہوئے ہیں اس کے لئے وہ اپنا علق چھاڑ پھاڑ کر اپنے نظریات دوسروں پر ٹھونسنے سے بھی دریغ نہیں کرتے حالانکہ تصویر ایک عکس ہے جیسے آپ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے ہیں اسی عکس کو مقید کر لینے کا نام تصویر ہے تصویر تو بت پرستی کے زمرے میں آتی ہے نہ یہ غیر اسلامی فعل ہے نہ اس سے مذہب کو کوئی خطرہ ہے ایک صاحب سے ہماری بات ہوئی تو انہوں نے کہا تصویر کو غیر اسلامی قرار دینا انتہا درجہ کی جہالت، دقیانوسی اور حقیقت سے بے خبری والی بات ہے جو لوگ تصویر کو غیر اسلامی قرار دے رہے ہیں آخر وہ کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ اسلام ایک تنگ نظر مذہب ہے۔ یہ بات ہو ہی رہی تھی کہ پاس بیٹھے ایک دیہاتی سے شخص نے کہا بابو جی میں تو اتنا جانتا ہوں کہ تصویر خیر اسلامی ہوتی تو ہم تو اتنا بھی نہ جان پاتے کہ خانہ کعبہ کیسا ہے؟ یا مسجد نبوی ﷺ کیسی ہے؟ اسلام کی آڑ میں اس کی مخالفت کرنے والے خود اخبارات میں تصویریں چھپوانے کے شوقین ہیں بلکہ پروگراموں کے اشتہار میں اپنی چھوٹی تصویر یا چھوٹا نام دیکھ کر لڑ پڑتے ہیں۔۔۔ ہم کوئی مفتی یا عالم دین نہیں ہیں جو کسی امر پر شرح صدر کریں لیکن جو بات فطرت کے خلاف ہو اس پر دل نہیں جمتا اسلام تو ہے ہی دین فطرت۔۔۔ کہتے ہیں پرانے وقتوں میں کافر چترا و لکڑی کے بت اور مورتیاں بنا کر اس کی پوجا کیا کرتے تھے حتیٰ کہ خانہ کعبہ میں بھی بت رکھے جاتے تھے دراصل بت پرستی کی تاریخ بڑی پرانی ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد بھی بتوں کی پرستش کیا کرتے تھے مختلف ادوار اور ملکوں میں لوگ بتوں اور مورتیوں کو بھگوان جان کر ان کی پوجا کرتے آج بھی ہندو ایسا کر رہے ہیں بدھ مت کے پیروکاروں کو تم بدھ کی مورتیاں اور مجھے بنا کر ان کی پوجا کرتے ہیں ہمارے کچھ 'مفکر' کچھ عالم دین معاف کرنا ملاں۔۔ کچھ انتہا پسند یہ سمجھتے ہیں کہ تصویر بھی بت اور مورتیاں بنانے کے مترادف ہے اب مسلمانوں میں تحقیق، جستجو اور ریسرچ کا عنصر یک لخت مفقود ہو گیا ہے یہی مسائل کی جڑ ہے اسی بات سے ان پڑھ، جاہل مولوی اور نام نہاد دانشوروں نے فائدہ اٹھایا ہے خاص طور پر مذہب کے نام پر جو دوکانیں سجادی گئی ہیں اس نے مسلمانوں کو مسلک کے نام پر تقسیم در تقسیم کر کے رکھ دیا ہے یہ لوگ کسی کی نہیں سنتے ہر معاملے کو اپنے مسلک کے زاویہ نگاہ سے دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں وہ یہ بھی نہیں سوچتے کہ یہ باتیں فروعی ہیں عین اسلام نہیں اندھا دھند تقلید کے ایسے ہی مضمرات نکلتے ہیں ہم نے ایک نے صاحب الرائے سے بڑی دلسوزی سے کہا جناب ہر مسلک نے ایک دوسرے کے دیکھا دیکھی بہت سے دن منانا شروع کر دیے ہیں اور اس معاملہ میں شدت بھی آ گئی ہے ہمارے بچپن میں تو ایسا نہیں تھا۔۔۔ یہ سن کر وہ مسکرائے۔۔۔ بولے آپ اخبارات و رسائل میں جتنے ٹیلنٹ اتنے پیسے اسی طرح جتنے ایوٹ اتنی کمائی۔۔ اور ہم سر ہلا کر رہ گئے۔۔۔ ہمارے بہت سارے رویوں کی بنیاد یہی ہے جہاں مفادات متاثر ہوتے ہیں وہاں اکثر مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں انتہا پسندی ایسے ہی جنم لیتی ہے یہی معاملہ تصویر کے ساتھ ہے ایک مسلک تصویر کے معاملے میں نرم گوشہ رکھتا ہے تو دوسرا شدید مخالف اور مرنے کی بات یہ ہے شدید مخالف کے اکابرین کی اب بڑی بڑی تصویریں دھڑلے سے چھپ رہی ہیں اب اس ادا کو کیا نام دیا جائے وہ خود ہی بتا دیں تو بہتوں کا بھلا ہو جائے گا۔۔۔ ہم کوئی مفتی یا عالم دین نہیں لیکن جو بات فطرت کے خلاف ہو اس پر دل نہیں جمتا اسلام تو ہے ہی دین فطرت۔۔۔ ہمارے خیال میں تصویر ایک شناخت ہے ایک پہچان اور آپ کی پرسنل آئی ڈینٹی فکیشن۔۔۔ دنیا کے جو حالات ہیں۔۔۔ دہشت گردی دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔۔۔ پھر آپ کے کاروباری، تعلیمی، سماجی نوعیت کے اقدامات ہیں۔۔۔ آپ کو اپنی شناخت کا معاملہ درپیش ہو۔۔۔ آپ حج، عمرہ پر جانا چاہتے ہیں۔۔۔ شناختی کارڈ، پاسپورٹ، تعلیمی اسناد سب کے سب اقدامات تصویر کے محتاج ہیں آج انٹرنیٹ نے دنیا کو گلوبل ویلج بنا کر رکھ دیا ہے۔۔۔ ویڈیو لنک کے ذریعے زمین کے آخری کونے پر بیٹھے ہوئے افراد اپنے پیاروں سے باتیں کر رہے ہیں ایک دوسرے کی صورتیں دیکھ رہے ہیں۔۔۔ کیمرہ فوٹیج کی مدد سے مجرموں کا سراغ لگایا جا رہا ہے۔۔۔ سرحدیں آپس میں شیئرنگ کی جا رہی ہیں۔۔۔ اسلام کی ترویج و اشاعت کا کام لیا جا رہا ہے۔۔۔ میڈیکل سائنس میں جدید تحقیق، دل، دماغ کی سرجری، کینسر کے ایڈیشن جگر کی پیوندکاری، آنکھ، دل اور جسم کے کئی حصوں کی انجیو گرافی کر کے بیماریوں پر قابو پانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔۔۔ کیا یہ سب غیر شرعی غیر اسلامی ہے۔۔۔ بہت سارے علماء کرام مفتی حضرات اور دانشوروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ تصویر کے حوالہ سے ابہام دور کریں منطقی دلائل، شرعی جواز اور امکانات سے امت مسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیں ان پڑھ، جاہل ملاں اور نام نہاد دانشوروں کو اسلام کا ٹھیکیدار بنا کر خود کو لمبی تان کر سو جانا۔

کیا تصویر غیر اسلامی ہے؟



مرزا غالب نے کہا تھا

بھر مرنے کے میرے گھر سے یہ ساماں نکلا
چند تصویر بتاں۔۔۔ چند حسینوں کے خطوط

پاکستان ایک بہترین ثالث

صابر کربلائی

مغربی ایشیا میں فلسطین سے لے کر ایران تک مسلسل جنگ، ایران پر امریکی و اسرائیلی جارحیت کے بعد اور اب غلے کی بڑھتی ہوئی جیو پولیٹیکل سورتحال میں یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی برادر عرب کے تجارتی راستوں کی سورتحال ایک انتہائی حساس موڑ پر پہنچ چکی ہے۔ مسلم دنیا کے لیے بھی یہ ایک مشکل سورتحال ہے۔

ایک طرف سعودی عرب ہے دوسری طرف یمن ہے، گذشتہ 12 سال سے یمن کی طرف سے حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس جنگ میں نقصان مسلمانوں ہی کا ہو رہا ہے۔ ان حالات میں پاکستان سے دنیائے اسلام کی امیدیں وابستہ ہیں۔ پاکستان بلاشک دنیائے اسلام کا ایک عظیم اور اہم ملک ہے۔ ایٹمی قوت ہونے کی وجہ سے اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ تمام مسلمان ممالک میں پاکستان کو ایک خاص احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان کی خواہش ہے کہ یہ جنگ بند ہو اور خطہ میں امن قائم ہو اور مسلمان متحد ہو کر علاقے کی ترقی کے لیے کام کریں۔

ایسے حالات میں جہاں جنگی وسعت کے خطرات منڈلا رہے ہیں، بنیادی تقاضا یہ بنتا ہے کہ تمام مسلمان ممالک مل کر ایک باوقار، متوازن اور غیر جانبدار ثالث کا کردار ادا کریں۔ پاکستان کی بھی یہی کوشش ہے کہ خطے میں ہر صورت امن قائم ہو۔ یہ سکت عملی طور صرف پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح کے وضع کردہ اصولوں سے پوری طرح ہم آہنگ ہے، بلکہ اس کا براہ راست تعلق پاکستان کے اندرونی معاشی استحکام اور قومی سلامتی سے بھی ہے۔

پاکستان کے قیام کے فوراً بعد جب دنیا سرد جنگ کے بلاکس میں تقسیم ہو رہی تھی، قائد اعظم محمد علی جناح نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد اصول پسندی، امن اور تمام قوموں کے ساتھ دوستانہ تعلقات پر رکھی۔ فروری 1948 میں امریکہ کے عوام کے نام اپنے نشریاتی پیغام میں قائد اعظم نے واضح کیا تھا کہ ہماری خارجہ پالیسی دنیا بھر کی تمام قوموں کے ساتھ دوستی اور خیر سگالی پر مبنی ہے۔ ہم کسی بھی ملک یا قوم کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتے۔ ہم بین الاقوامی تعلقات میں دیانت داری اور انصاف کے اصولوں پر یقین رکھتے ہیں۔

اسی طرح دسمبر 1947 میں معروف برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے نمائندے رابرٹ اسٹم سن کو دیے گئے اپنے تاریخی انٹرویو اور دیگر بیانات میں قائد اعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عالمی امن کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اور مسلم دنیا کے ساتھ اخلاقی و مادی تعاون کو ہمیشہ ترجیح دے گا۔ قائد اعظم کے ان فرمودات سے یہ مؤقف نکلتا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی جارحیت پسندی کے برعکس ہمیشہ مظلوموں کی حمایت، علاقائی امن اور دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت کے اصولوں پر کاربند رہے گی۔ تاریخی طور پر پاکستان کے تمام برادر اسلامی ممالک اور سعودی عرب کے ساتھ انتہائی گہرے، دینی، ثقافتی اور تزویراتی تعلقات رہے ہیں جن پر کبھی کوئی آنچ نہیں آئی۔ سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کے تعلقات باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کی ایک طویل تاریخ رکھتے ہیں۔ غلط میں امن کے قیام کے لیے مختلف اوقات میں مصالحتی کوششیں بھی کی گئی ہیں، جن میں مکہ مکرمہ اور دیگر اسلامی پلیٹ فارمز پر ہونے والے معاہدات و مشاورت کا مقصد ہمیشہ مسلم امہ کے مابین پیدا ہونے والی تلخی کو پاٹنا اور اسلامی بھائی چارے کو فروغ دینا رہا ہے۔ ادھر پاکستان کو سنگین معاشی اور سلامتی کے چیلنجز کا سامنا ہے، جن سے وہ بڑی مہارت اور جرات سے نمٹ رہا ہے۔ پاکستان اس وقت معاشی بحالی کے ایک طویل اور کٹھن مرحلے سے گزر رہا ہے، اس کی کوشش ہے کہ مکی معیشت کو بہتر کیا جائے، وہ ہر ایسے اقدام سے گریز کر رہا ہے کہ جس سے اس کی معیشت کو نقصان پہنچے۔ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان کی جانب سے ہونے والی دہشت گردی کے منفی اثرات ملک کی داخلی سیکورٹی اور امن و امان پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ تیسی خطے میں جنگ کے پھیلنے سے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگتی ہیں، جس کا براہ راست اثر پاکستان کے عام آدمی اور صنعتوں پر پڑتا ہے۔ ان تمام زمینی حقائق، معاشی مجبوریوں اور قائد اعظم کے وژن کو سامنے رکھتے ہوئے، پاکستان کے لیے بہترین حکمت عملی یہی ہے کہ وہ عالم اسلام کے مختلف تنازعات میں ہمیشہ مصالحتی اور ثالثی کا مثبت کردار ادا کرتا رہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ پاکستان کے تعلقات سعودی عرب اور دیگر مسلم ممالک کے ساتھ دوستانہ اور متوازن ہیں، اس لیے وہ مسلم دنیا کے ایک اہم اور اخلاقی طاقت ہونے کے ناتے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ تمام مسلم ممالک کو بھی چاہیے کہ وہ باہمی اختلافات کو سفارتی، سیاسی اور انسانی بنیادوں پر مذاکرات سے حل کریں تاکہ مشرق وسطیٰ سمیت پورے خطے میں امن قائم ہو۔ جو ان رابطے کو روکا جائے اور خطے کو مزید تباہی سے بچایا جائے۔ امن، دوستی اور باہمی احترام کو اپنی خارجہ پالیسی کا محور بناتے ہوئے، پاکستان ایک غیر جانبدار اور مخلص ثالث کا کردار ادا کرتا چلا آ رہا ہے۔ یہی وہ واحد راستہ ہے جو ملک کے معاشی مفادات، اندرونی سلامتی اور مسلم امہ کے اتحاد کی بہترین ضمانت فراہم کرتا ہے۔

پاکستان کے قیام کے فوراً بعد جب دنیا سرد جنگ کے بلاکس میں تقسیم ہو رہی تھی، قائد اعظم محمد علی جناح نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد اصول پسندی، امن اور تمام قوموں کے ساتھ دوستانہ تعلقات پر رکھی۔ فروری 1948 میں امریکہ کے عوام کے نام اپنے نشریاتی پیغام میں قائد اعظم نے واضح کیا تھا کہ ہماری خارجہ پالیسی دنیا بھر کی تمام قوموں کے ساتھ دوستی اور خیر سگالی پر مبنی ہے۔ ہم کسی بھی ملک یا قوم کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتے۔ ہم بین الاقوامی تعلقات میں دیانت داری اور انصاف کے اصولوں پر یقین رکھتے ہیں۔

زندگی کے سفر میں گزر جاتے ہیں جو مقام وہ پھر نہیں آتے



زندگی بھی ایک مقام پر ٹھہرنے نہیں دیتی۔ انسان مسلسل آگے بڑھتا رہتا ہے۔ کبھی راستے آسان ہوتے ہیں، کبھی قدم قدم پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم کسی مقام پر ٹھہر جانا چاہتے ہیں مگر وقت ہمیں آگے بڑھنے پر مجبور کر دیتا ہے پھر وہی گزرے ہوئے لمحے یادوں کی صورت ساری زندگی ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔

جن لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر سکون ملتا ہے ایک دن وہ بھی ہم سے بچھڑ جاتے ہیں۔ جو شہر ہمارے دل کے قریب ہوتے ہیں، جن گلیوں اور راستوں میں ہمارا بچپن گزرا ہوتا ہے ایک وقت ایسا آتا ہے کہ انہی جگہوں پر دوبارہ جانے کا موقع نہیں ملتا۔ ہم جیسے حساس لوگ ان جگہوں کو کبھی نہیں بھول پاتے۔ پوری زندگی ان یادوں کے سہارے گزر جاتی ہے۔ خود کو سنبھالنا آسان نہیں ہوتا مگر صبر کے سوا انسان کے پاس کوئی دوسرا راستہ بھی نہیں ہوتا۔

بچپن میں بڑے ہونے کی خواہش ہوتی ہے اور جوانی میں آگے بڑھنے کی جستجو ہم چاہتے ہیں کہ زندگی میں سب کچھ ایک ساتھ مل جائے، سکون بھی، کامیابی بھی اور دولت بھی لیکن وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا۔ ہمیں لگتا ہے کہ ابھی بہت وقت باقی ہے بہت سے کام بعد میں بھی کیے جا سکتے ہیں۔ اسی سوچ میں زندگی کے کئی خوب صورت لمحے گزر جاتے ہیں۔ ہم گھر کے بڑوں کے پاس بیٹھنے کے بجائے اپنے کاموں میں مصروف رہتے ہیں، اپنوں کے لیے وقت نہیں نکالتے اور کبھی اپنی انا کی وجہ سے رشتوں میں دوریاں پیدا کر لیتے ہیں۔ ہمیں احساس ہی نہیں ہوتا کہ وقت دوبارہ لوٹ کر نہیں آئے گا اس کے باوجود ہم یہی غلطی دہراتے رہتے ہیں۔

زندگی میں کچھ لوگ ایسے ملتے ہیں جو ہماری شخصیت پر گہرا اثر چھوڑ جاتے ہیں۔ پھر حالات بدلتے ہیں اور ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں، انسان ان لوگوں اور جگہوں سے دور ہو جاتا ہے۔ کچھ عرصے بعد جب دوبارہ وہاں جانے کا موقع ملتا ہے تو ہم آنکھیں اور یادوں کا ہجوم انسان کو اندر تک اداس کر دیتا ہے۔ وہی گلیاں، وہی راستے اور وہی جگہیں پہلے سے کہیں زیادہ حسین لگتی ہیں۔

وقت کسی کے لیے نہیں رکتا۔ زندگی اپنے تمام رنگوں کے ساتھ گزرتی چلی جاتی ہے۔ حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ ہم بڑے ہو جاتے ہیں، والدین بوڑھے ہو جاتے ہیں، دوست اپنی زندگیوں میں مصروف ہو جاتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے سب کچھ بدل جاتا ہے۔

انسان بھی عجیب ہے کسی حال میں خوش نہیں رہتا۔ کبھی اپنی عمر دوستوں کو لے کر بیٹھ جاتا ہے تو کبھی ان چیزوں کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے جو اس کے پاس نہیں ہوتیں جو کچھ میسر ہوتا ہے اسے لاحاصل سمجھتا ہے اور جو حاصل نہیں ہوتا اسی کی خواہش میں اپنا سکون کھو دیتا ہے۔

زندگی میں کبھی مواقع ایسے آتے ہیں جو ایک بار ہاتھ سے نکل جائیں تو دوبارہ نہیں ملتے۔ ماضی کی یادیں کبھی چہرے پر مسکراہٹ لے آتی ہیں تو کبھی آنکھیں اشک بار کر جاتی ہیں۔ میں جب بھی گاؤں جاتی ہوں تو پرانی تصاویر دیکھتے ہوئے وہ لوگ اور مقامات یاد آنے لگتے ہیں جنہیں دیکھ کر میں اپنے تمام دکھ بھول جایا کرتی تھی۔ زندگی کے اس سفر میں کچھ مقامات ایسے ہوتے ہیں جہاں دل چاہتا ہے کہ عمر بھر ٹھہرے رہیں۔ زندگی کا سفر اپنی رفتار سے جاری رہتا ہے۔ ہم چاہیں بھی تو گزرے ہوئے وقت کو واپس نہیں لا سکتے۔ زندگی کا سب سے بڑا دکھ یہی ہے کہ جن لمحوں کی قدر ہمیں ان کے گزر جانے کے بعد ہوتی ہے وہ دوبارہ کبھی ہماری دسترس میں نہیں آتے۔ گزرے ہوئے دن، جان سے پیارے لوگ اور زندگی کے سفر میں پیچھے رہ جانے والے مقام کبھی لوٹ کر نہیں آتے۔

بقول محمد اویس مای

کہاں کوئے کے جاتی ہیں ہمیں انجان راہیں یہ
پتا منزل کا دیتی ہیں یا بھٹکے چھوڑ جاتی ہیں
ہماری آرزوؤں کا یہ ساتھا چھوڑ جاتی ہیں
انہی انجان راہوں میں کہی انجان چہرے کی

زندگی کبھی ایک مقام پر ٹھہرنے نہیں دیتی۔ انسان مسلسل آگے بڑھتا رہتا ہے۔ کبھی راستے آسان ہوتے ہیں، کبھی قدم قدم پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم کسی مقام پر ٹھہر جانا چاہتے ہیں مگر وقت ہمیں آگے بڑھنے پر مجبور کر دیتا ہے پھر وہی گزرے ہوئے لمحے یادوں کی صورت ساری زندگی ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔

جن لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر سکون ملتا ہے ایک دن وہ بھی ہم سے بچھڑ جاتے ہیں۔ جو شہر ہمارے دل کے قریب ہوتے ہیں، جن گلیوں اور راستوں میں ہمارا بچپن گزرا ہوتا ہے ایک وقت ایسا آتا ہے کہ انہی جگہوں پر دوبارہ جانے کا موقع نہیں ملتا۔ ہم جیسے حساس لوگ ان جگہوں کو کبھی نہیں بھول پاتے۔

SHOWBIZ
شوبز

موسیقار ماسٹر غلام حیدر کی 73 ویں (آج) منائی جائے گی



لاہور (این این آئی) معروف موسیقار ماسٹر غلام حیدر کی 73 ویں آج 9 نومبر بروز (پیر) کو منائی جائے گی۔ 1908 میں ناروال میں پیدا ہونے والے غلام حیدر نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز بمبئی فلم انڈسٹری سے کیا۔ معروف گلوکارہ شمشاد بیگم، نور جہاں اور لتا منگیشکر ان کے شاگردوں میں شامل تھیں۔ انہوں نے مختلف مشہور فلموں کے لیے موسیقی ترتیب دی جن میں بیلا جٹ، خزانچی، پونجی، شہید، ہمایوں اور مجبور شامل ہیں۔ 1947 میں آزادی کے بعد وہ لاہور واپس آ گئے اور پاکستان فلم انڈسٹری سے منسلک ہو گئے۔ ان کی پہلی پاکستانی فلم شاہدہ تھی۔ انہوں نے دیگر کئی پاکستانی فلموں بے قرار، گلنار، اکیلی اور بھیگی پلکوں کے لیے بھی موسیقی ترتیب دی۔ حکومت پاکستان کی جانب سے انہیں تمغہ امتیاز اور پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ موسیقار ماسٹر غلام حیدر 9 نومبر 1953 کو کینسر کے عارضہ کے باعث انتقال کر گئے تھے۔ معروف موسیقار ماسٹر غلام حیدر کی 73 ویں آج 9 نومبر بروز (پیر) کو منائی جائے گی۔

تماشہ سیزن فائیو ختم، شو کے شرکاء کی شادیوں کی افواہوں کا نیا تماشہ شروع

لاہور (این این آئی) نجی ٹی وی سے پیش کیے گئے ریئلٹی شو تماشہ سیزن فائیو ختم ہوتے ہی شو کے شرکاء کی آپس میں شادیوں اور قربتوں سے متعلق دلچسپ افواہوں کا بازار گرم ہے۔ شو میں شرکت کرنے والے عائشہ اسرا اور زیب خان پہلے ہی شادی کر چکے ہیں اور اب سامعہ حجاب اور یاسر کے درمیان بھی شادی کے حوالے سے بات چیت کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ دوسری جانب اداکارہ لیلیٰ اور ڈاکٹر زی کے نام بھی تمکنہ جوڑی کے طور پر زیر بحث ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے تو اس شو کو تماشہ کے بجائے شادیوں کا شو قرار دینا شروع کر دیا ہے۔ مذکورہ شخصیات کی جانب سے ان افواہوں پر کسی طرح کا ردعمل ظاہر نہیں کیا گیا۔ نجی ٹی وی سے پیش کیے گئے ریئلٹی شو تماشہ سیزن فائیو ختم ہوتے ہی شو کے شرکاء کی آپس میں شادیوں اور قربتوں سے متعلق دلچسپ افواہوں کا بازار گرم ہے۔ شو میں شرکت کرنے والے عائشہ اسرا اور زیب خان پہلے ہی شادی کر چکے ہیں۔

الحمرا قذافی میں تزئین و آرائش، پرفارمنگ آرٹس اکیڈمی کی کلاسز مال روڈ منتقل

لاہور (این این آئی) الحمرا قذافی میں تزئین و آرائش کے کام کے باعث پرفارمنگ آرٹس اکیڈمی سمیت دیگر کلاسز عارضی طور پر الحمرا مال روڈ منتقل کر دی گئیں۔ الحمرا ہال ون اور ہال ٹو کو مرمتی اور تزئین و آرائش کے کام کے سلسلے میں بند رکھا گیا ہے جس کے باعث وہاں ہونے والی تمام سرگرمیوں کو متبادل مقام پر منتقل کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہونے سے بچانے کے لیے کلاسز کا سلسلہ الحمرا مال روڈ میں جاری رکھا گیا ہے۔ طلبہ معمول کے مطابق اپنے کورسز مکمل کر رہے ہیں جبکہ تزئین و آرائش کا کام مکمل ہونے کے بعد کلاسز دوبارہ قذافی الحمرا منتقل کر دی جائیں گی۔

☆☆☆☆

امریکا میں شامی گلوکارہ اصالہ نصری کے 60 لاکھ ڈالر کے زیورات چوری

یہ اطلاع امریکا کے شہر ڈیٹرائٹ کے فاکس تھیٹر میں ہونے والے کنسرٹ کے ایک ہفتے سامنے آئی ہے

دمشق (این این آئی) شام کی مشہور گلوکارہ اصالہ نصری کے قریبا 60 لاکھ ڈالر کے زیورات امریکہ میں چوری ہو گئے جس پر پولیس حرکت میں آ گئی ہے۔ یہ اطلاع امریکا کے شہر ڈیٹرائٹ کے فاکس تھیٹر میں ہونے والے کنسرٹ کے ایک ہفتے سامنے آئی ہے، اس بارے میں گلوکارہ کا کہنا ہے کہ وہ ڈیٹرائٹ کے ہوٹل میں قیام پذیر تھیں، جہاں سے ان کے زیورات غائب ہوئے۔ اصالہ نے کہا کہ وہ ہوٹل پہنچنے کے بعد تیار ہوئیں اور اپنے زیورات تبدیل کر کے کنسرٹ کے لیے روانہ ہوئیں، سفر کے دوران وہ اپنے زیورات خود ساتھ رکھتی ہیں کیونکہ انہیں ان کی حفاظت کی فکر رہتی ہے۔ گلوکارہ کے مطابق وہ زیورات ان کے لیے خاصی جذباتی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ ان میں سے کچھ خاندان کے ورثے میں ملے ہیں جبکہ کچھ بچوں، شوہر اور دوستوں کی جانب سے تحائف کی شکل میں دیے گئے ہیں۔ اصالہ نے بتایا کہ یہ امریکا کے دورے کا آخری شو تھا، کنسرٹ کے بعد میں تھکی ہوئی تھی اور کمرے میں آتے ہی سو گئی اگلی صبح جب اپنا بیگ کھولا تو زیورات کا ڈبہ غائب تھا، اس پر وہ کافی پریشان ہوئیں اور پولیس کو اطلاع دی جس نے تحقیقات شروع کر دی ہیں تاہم ابھی تک کوئی سراغ نہیں مل سکا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ رپورٹ کے بعد پولیس متحرک ہوئی اور مختلف مقامات کی تلاشی کیلا وہ سٹاف سے بھی پوچھ گچھ کی تاہم ایک ہفتہ گزر جانے کے بعد ابھی تک کوئی مثبت خبر نہیں ملی ہے۔ انہوں نے اس اطلاع کو پہلے منظر عام پر نہ لانے کے حوالے سے بتایا کہ وہ نہیں چاہتی ہیں کہ کوئی ایسی خبر سامنے آئے جو ان کے دورے پر اثر انداز ہو اور انہیں یقین بھی تھا کہ پولیس زیورات ڈھونڈ لے گی۔ امریکا کے شہر ڈیٹرائٹ کے ریکارڈ کے مطابق پچھلے کچھ عرصے میں چوری سے متعلق جرائم کی شرح میں اضافہ ہوا ہے جو کہ ریاست مشی گن کی مجموعی شرح کے مقابلے میں بھی زیادہ ہے۔



شادی کا فیصلہ سوشل میڈیا یا ریلز دیکھ کر نہ کریں، کرن خان

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان

بقیہ 1

سعودی شہریوں، ہوائی اڈوں اور شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ 26 اکتوبر کو تہران میں ایران کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی کم کرنے کا لائحہ عمل تیار کرنا تھا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران ملاقات میں شرکت پاکستان کی مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کا اظہار ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ چاروں ممالک نے علاقائی امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ 2

نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں 18 خوارج کو ہلاک کرنا خیبر پختونخوا پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری اور دہشتگردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے، جرائم پیشہ عناصر اور فتنہ الخوارج کا گٹھ جوڑ ملک میں بدامنی پھیلانے کی مذموم کوشش ہے، ایسے عناصر کو ان کے ناپاک عزائم میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے ۔وزیر اعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، پوری قوم اپنے بہادر پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکار جس جرات اور ثابت قدمی سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں وہ لائق تحسین ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاکستان کے امن واستحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ملک سے دہشتگردی کے عفریت کے مکمل خاتمے کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 3

کرنے سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔خیبر کے علاقے باڑہ میں پولیس کارروائی کے دوران اہم دہشت گرد کمانڈر سیف اللہ ہلاک ہوگیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وقار احمد کے مطابق تھانہ باڑہ کی حدود شیخان پل میں دہشتگرد کمانڈر کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مشترکہ آپریشن کیا، اس دوران پولیس اور دہشتگرد کمانڈر کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں کمانڈر سیف اللہ مارا گیا۔ڈی پی او نے بتایا کہ ہلاک دہشتگرد ضلع خیبر میں چیک پوسٹوں پر حملوں کے مقدمات میں نامزد اور ڈی آئی خوارج کا مطلوب قاتل تھا۔ڈی پی او نے مزید بتایا کہ ہلاک کمانڈر حال ہی میں افغانستان سے مشتعل خیبر منتقل ہوا تھا اور باڑہ سے پشاور منتقلی کی کوشش میں مارا گیا۔ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی۔پولیس کے مطابق ناکعلم دہشتگردوں نے بند کوراچی پولیس اسٹیشن کے گیٹ پر بارودی چپ اپ گاڑی ٹکرائی اور فائرنگ بھی کی۔پولیس نے بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں تھانے کا گیٹ، دیوار اور قریبی مسجد کو نقصان پہنچا جبکہ اطراف کے گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے۔پولیس کے مطابق پولیس اہلکاروں کی بھرپور جوابی فائرنگ کے باعث دہشتگرد حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے۔پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 4

